1K

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ
اخبار احمدیہ ہمبرگ

نگران و مدیر حیدر علی ظفر
کتابت مظفر احمد خورشید

HISTORY OF AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:.....

77 ماہ دسمبر / فتح شمارہ 12 جلد 1 ضمیمہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ۔

احباب جماعت خاص طور اور التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضور کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے اور برکتوں سے معمور لمبی زندگی دے (آمین)

حضرت سیدہ نواب امتہ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی طبیعت قدرے ناساز ہے۔ احباب جماعت ان کے لئے توجہ سے دعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے اور تادیر سلامت رکھے (آمین)

نہایت افسوس کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ کہ 28/27 نومبر کی درمیانی شب کو محترم ڈاکٹر کرنل محمد عطاء اللہ فاضل صاحب انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون آپ فضل عمر فاؤنڈیشن کے وائس چیرمین تھے۔ آپ بہت فعال شخصیت تھے۔ خدمت دین کو سعادت جانتے تھے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ دیں اور انکے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

جماعت احمدیہ کا مرکزی سالانہ جلسہ اس سال دسمبر کی 26-27 اور 28 تاریخ کو ربوہ میں منعقد ہو رہا ہے احباب اس جلسہ کی کامیابی کے لئے خاص طور پر دعا کریں۔ جرمنی کی جماعت سے محترم عبداللہ واگس ہوزر صاحب Abdullah Wagenhausen ربوہ اور قادیان کے جلسہ سالانہ میں شرکت کے لئے جا رہے ہیں۔ انشاء اللہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محترم عبداللہ واگس ہوزر صاحب کا سفر و حضر میں حافظ و ناصر ہو ان کو بخیریت واپس لائے (آمین)

تحریک جدید | ہندو پاک کے علاوہ دنیا کے ممالک میں اشاعت اسلام کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضؓ نے یہ تحریک جاری فرمائی تھی۔

اس کا سال نومبر سے شروع ہو کر دوسرے سال اکتوبر تک ہوتا ہے۔ براہ کرم آپ اپنا سال بھر کے لئے جلد وعدہ بھجوا دیں۔ تاکہ آپ کے وعدے مرکز میں بھجوائے جا سکیں۔

ابھی تک جن احباب نے اپنے وعدے لکھوائے ہیں - ان کے نام درج ذیل ہیں -

ملک شریف احمد صاحب	D.M. 66-00	
خورشید احمد صاحب	-"- 125-00	
حیدر علی ظفر صاحب	-"- 42-00	
عطاء المنان صاحب	-"- 160-00	
عبداللطیف صاحب	-"- 60-00	
چوہدری عطاء اللہ صاحب	-"- 125-00	
مختار احمد صاحب	-"- 400-00	
مبشر احمد چیمہ صاحب	-"- 300-00	

آپ بھی اپنے وعدے جلد ارسال کریں۔ تاکہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعا کے لئے لکھا جا سکے -

جوبلی فنڈ | یہ سال اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے۔ اس سے قبل حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی چھٹی بذریعہ اخبار احمدیہ آپکو ارسال کی جا چکی ہے۔ جس سے آپکو اسکی ادائیگی کے بارے میں اہمیت معلوم ہو گئی ہو گی - اس لئے آپ کو دوبارہ توجہ دلاتا ہوں۔ کہ اپنے وعدے کی ادائیگی جلد کریں - 28 فروری تک تو بہرصورت وعدے کا 4/5 حصہ ادا ہو جانا چاہئے -

تفصیل چندہ | بیرونی جماعتوں کو چندہ کی تفصیل بھجوانے کے فارم جا چکے ہیں - ساتھ ہی ہدایات بھی ہیں - فارم کی ایک نقل لف ہذا ہے - تاکہ احباب جماعت کو دوسرے چندہ جات کیطرف بھی توجہ دلائی جا سکے - امید ہے کہ تمام احباب اس فارم سے پوری طرح فائدہ اٹھائیں گے۔

یاد دہانی | احباب کی خدمت میں ادائیگی چندہ جات کے بارے میں یاد دہانی کی چٹھیاں ارسال کی گئی ہیں۔ کیونکہ سال ختم ہونے والا ہے - اس لئے کوشش کریں کہ آپ بقایا دار نہ رہیں - اللہ تعالیٰ آپکو توفیق دے - بہت سے احباب نے ان کا خاطر خواہ جواب دیا ہے - اللہ تعالیٰ ان کو جزا خیر دے - آپ بھی اس طرف توجہ کریں -

خدام الاحمدیہ | 27 نومبر کو خدام الاحمدیہ ہیمبرگ کا اجلاس ہوا - تلاوت قرآن مجید مکرم چوہدری عطاء اللہ صاحب نے کی - اس کے بعد خدام نے کھڑے ہو کر اپنا عہد دھرایا -

محترم حبیب اللہ طارق صاحب نے انگریزی زبان میں "اسلام کا اقتصادی نظام" پر تقریر کی - جس میں آپ نے واضح فرمایا - کہ اسلام میں سود کیوں منع ہے - پھر آپ نے کمیونسٹ نظام کا اسلامی نظام سے موازنہ کر کے ثابت کیا کہ اسلامی نظام ہی ہر طرح افضل ہے - یہ تقریر بہت پسند کی گئی - خدام کی حاضری 40 کے قریب تھی - اس کے بعد خدام الاحمدیہ ہیمبرگ کے قائد کا انتخاب ہوا - کثرت رائے نے مبارک اوسائے کوادازی (MUBARAK OSEI KWASI) کے حق میں ووٹ دیا - اور وہ قائد مجلس خدام الاحمدیہ ہیمبرگ منتخب ہوئے - منظوری کے لئے صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی خدمت میں رپورٹ بھجوائی گئی ہے - دعا کے یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا -

اس کے بعد مکرم چوہدری عطاء اللہ صاحب کی طرف سے ولیمہ کی پارٹی ہوئی -

زائرین کی آمد | دوران عرصہ مین مختلف احباب مشن میں تشریف لائے - ان کو اسلام کا تعارف کرایا گیا - ساتھ ہی ان کو سلسلہ کا لٹریچر دیا گیا -

ناروے کے ایک مسلمان دوست قرآن مجید لینے کے لئے آئے - ان کو قرآن مجید مع جرمن ترجمہ دیا گیا - ساتھ ہی سلسلہ کا لٹریچر بھی دیا گیا - ان کے سوالات کا تسلی بخش جواب دیا گیا - ان کو مسیح موعود کی آمد کے

حالات قرآن مجید سے پیش کئے ۔ نیز حضرت مسیح ناصری کا صلیبی موت سے بچایا جانا ۔ ہجرت ۔ اور پھر وفات کا تفصیلی مضمون بتایا گیا ۔ یہ دوست مشن میں دو گھنٹہ سے زائد دیر رہے ۔

ایک ایرانی دوست کو سلسلہ کا تعارف کرایا گیا اور ان کو فارسی کتاب دی گئی ۔

ایک یوگوسلاویہ کے دوست کو قرآن مجید دیا گیا اور سلسلہ کا لٹریچر دیا گیا ۔

اسی طرح دو جرمن خاتون کو تعارفی لٹریچر ۔ ہر دو کو سلسلہ کا تعارف کرایا گیا ۔ اور لٹریچر دیا گیا ۔

بذریعہ ڈاک ذیل کی جگہوں پر قرآن مجید اور لٹریچر ارسال کیا ۔

① RASTATT ② STELLE.

③ BERLIN.

PINNEBERG. والوں کو دستی لٹریچر دیا گیا ۔

تبلیغی دورے عرصہ دوران میں ایک سکول HORNEBURG کی چار مختلف کلاسوں میں تقریریں کی اور بچوں کے سوالات کے جوابات دیئے ۔ ہر کلاس کے بلیک بورڈ پر کلمہ طیبہ لکھکر وضاحت کی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ترجمہ بتایا ۔ اور اس کی اہمیت واضح کی ۔ بہت سے بچوں نے اس کو اپنی کاپیوں پر نقل کیا ۔ اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت عطا فرمائے (آمین)

اجلاس مجلس عاملہ مجلس عاملہ نے جلسہ سالانہ ہمبرگ کے انتظامات پر غور کیا ۔ اور ان کو آخری شکل دی ۔

جلسہ سالانہ 25/26 دسمبر کو مسجد فضل میں جلسہ سالانہ ہمبرگ ہونا قرار پایا ہے ۔

بیرون ہمبرگ سے جو احباب اس جلسہ میں شامل ہونا چاہتے ہوں ۔ وہ تحریری طور پر مشن میں اطلاع دیں۔ تاکہ ان کی رہائش کا انتظام کیا جا سکے ۔ کیونکہ مہمانوں کے لئے جو دو کمرے مخصوص تھے وہ اب مستورات کے لئے نماز ادا کرنے اور جلسہ سننے کے لئے مخصوص کر دیئے گئے ہیں ۔

اس لئے اپنی آمد کی اطلاع پہلے دے کر تسلی کر لیں کہ آپکی رہائش کا بندوبست ہو گیا ہے ۔ تاکہ آپکو یا انتظامیہ کو تکلیف نہ ہو ۔ بشیر احمد بٹ

جماعت ہمبرگ محترم نصیر الدین بٹ صاحب اور محترم طارق شیروانی صاحب ہمبرگ کی جماعت کے ممبران کی خدمت میں جلسہ سالانہ کے چندہ لینے کے لئے حاضر ہو رہے ہیں ۔ کم از کم چندہ دس مارک ہے ۔

تمام ممبران جماعت ان سے تعاون کریں ۔ تاکہ ان کا کام جلد تکمیل کو پہنچ سکے ۔ باقی انتظامیہ کے نام اور انکی ڈیوٹیاں بعد میں بتائی جائیں گی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

متوقع آمد ناروے سے محترم نور احمد صاحب بولستاد نے اس جلسہ میں شرکت کی دعوت قبول کر لی ہے ۔ امید ہے کہ وہ آپکو اپنے خیالات سے مستفید فرمائیں گے ۔ وہ اس وقت جماعت احمدیہ ناروے کے مدار المہام کی حیثیت رکھتے ہیں ۔

فرینکفورٹ سے محترم برادرم منصور احمد خان صاحب کی قیادت میں ایک وفد شرکت کرے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اسی طرح بہت سے دوسرے بھائیوں کی آمد متوقع ہے ۔ اس لئے ان دنوں اس جلسہ کی کامیابی کے لئے دعا بھی کریں ۔

وقف عارضی مکرم عطاء المنان صاحب ان SOEST نے اپنی ایک ماہ کی رخصت وقف کی ہوئی ہے ۔ وہ آج کل ہمبرگ مشن میں دینی خدمات بجا لا رہے ہیں ۔ اور وہ بہت سے دوستوں کے گھروں میں جا کر

احباب کرام کو دینی امور کی جانب توجہ دلا چکے ہیں۔
ابھی اس ماہ کی 20 تاریخ تک وہ ہمبرگ مشن میں ہیں۔
احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انکی خدمت دین کو
قبول فرمائیں۔ نیز احباب ان سے تعاون کریں۔

دعا کی درخواست تمام احباب جماعت یوں تو
دعا کی درخواست حضرت خلیفۃ المسیح الثالث
کی خدمت کرتے رہتے ہیں۔
مگر جن دوستوں نے جلسہ سالانہ کے موقعہ
پر بذریعہ تار دعا کی درخواست کرنی ہو۔
ان کو 20 دسمبر تک یہ تار دے دینی چاہئے۔
تار کا پتہ حسب ذیل ہے۔

KHALIFATULMASIH
RABWAH (PAKISTAN).

چندہ کی ادائیگی اگر آپ چاہتے ہیں کہ ماہ بہ ماہ
باقاعدگی سے آپ کا چندہ مشن میں پہنچتا رہے تو براہ کرم
اپنے بنک کو ہدایت کر دیں کہ وہ درج ذیل اکونٹ پر
ہر ماہ کی فلاں تاریخ پر اتنی رقم بھجوا دیا کرے۔ اس کو
جرمن میں Dauerauftrag کہتے ہیں۔ ایڈریس
یہ ہے۔

Ahmadiyya Muslim
Bewegung.
Dresdner Bank Hamburg
Nr. 4 414 640.

مہمان مقررین جلسہ سالانہ ہمبرگ میں کچھ وقت
مہمان مقررین کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ بیرون ہمبرگ
سے آنے والے احباب میں سے جو بھائی آٹھ دس منٹ
کے لئے کسی موضوع پر تقریر کرنا چاہیں۔ وہ مجھے جلد اطلاع
دے دیں۔ اسی طرح بہنوں میں سے اگر کوئی بہن
لجنات میں کوئی تقریر کرنا چاہتی ہوں تو مجھے
جلد اطلاع دیں۔ لجنہ اماء اللہ کا ایک
اجلاس الگ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اقتباس الوصیت حضرت مسیح الموعود علیہ السلام

نے ایک رؤیا کا ذکر فرمایا:۔ "ایک فرشتہ
میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے۔ تب
ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ
تیری قبر کی جگہ ہے۔ پھر ایک جگہ مجھے ایک
قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ
چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی۔
تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے۔ اور ایک
جگہ مجھے دکھلائی گئی اور اس کا نام
"بہشتی مقبرہ" رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا
کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی
قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔ تب سے ہمیشہ
مجھے یہ فکر رہی کہ جماعت کے لئے ایک
قطعہ زمین قبرستان کی غرض سے خرید
کیا جائے۔ اس لئے میں نے اپنی ملکیت کی
زمین جو ہمارے باغ کے قریب ہے۔ جس کی
قیمت ہزار روپے سے کم نہیں۔ اس کام
کے لئے تجویز کی اور میں دعا کرتا ہوں کہ
خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ
بنا دے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں
کی خواب گاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین
کو دنیا پر مقدم کر لیا۔ اور پاک تبدیلی
اپنے اندر پیدا کر لی"۔

میرے بھائیو اور بہنوں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے
خدا تعالیٰ کے منشاء کے مطابق جماعت میں وصیت کا نظام جاری
فرمایا ہے۔ کتنے ہی خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام
کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس بابرکت نظام میں شامل ہوئے ہیں
جماعت کے نیک دل اور پاک دل ممبران کو دعوت
دیتا ہوں کہ وہ صدق دل سے اس نظام میں شامل ہوں۔
خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو (آمین) والسلام خیر و عافیت

کتابت صفحہ عطاء المنان (محتاج دعا)

ہدایات

۱:- وصول شدہ چندہ کی رپورٹ اس فارم پر بھجوایا کریں - اگر ایک فارم کافی نہ ہو تو حسب ضرورت دو تین فارم استعمال کئے جا سکتے ہیں ۔

۲:- موصی اصحاب کا حصہ آمد درج کرنے کے ساتھ انکے نام کے نیچے انکا وصیت نمبر ضرور لکھیں - نیز انہوں نے جتنے حصہ کی وصیت کی ہوئی ہے اسی کے مطابق ان سے وصول کریں -

۳:- کوشش کی جائے کہ چندہ شرح کے مطابق وصول ہو - چندہ عام کی شرح آمد کا سولہواں حصہ ہے - ہر احمدی سے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو۔ اس کی جتنی بھی آمد ہو اُس سے مقررہ شرح کے مطابق چندہ وصول کرنے کی کوشش کریں ۔

۴:- تحریک جدید کا سال نومبر سے شروع ہو کر آئندہ سال اکتوبر تک ہوتا ہے - احباب جماعت سے نومبر/دسمبر میں تحریک جدید کے وعدے وصول کر کے مشن میں بھجوا دیا کریں - اور پھر دوران سال اس وعدہ کو وصول بھی کیا کریں ۔

۵:- جن احباب نے جوبلی فنڈ کے وعدے نہ کئے ہوں - ان سے وعدے لیکر مشن میں بھجوائیں - اور ان سے ہر سال بارھواں حصہ وصول کرتے رہیں - البتہ جنہوں نے پہلے سے وعدے کئے ہوئے ہیں - وہ 1977ء کے آخر تک یا 1978ء سے شروع میں اپنے وعدہ کا 4/15 حصہ ادا کریں گے ۔

۶:- ہر ماہ جب آپ چندہ بھجوائیں تو اس فارم پر اس کی تفصیل ضرور بھجوایا کریں - اس کاغذ کے نیچے والے حصہ پر آپ کوئی نوٹ لکھنا چاہیں تو وہ بھی لکھ سکتے ہیں - یا کوئی وضاحت کرنی ہو - تو وہ بھی کر سکتے ہیں - ہمیں جو فارم پُر کر کے بھجوائیں - اس کی ایک کاپی اپنے پاس ضرور رکھ لیا کریں ۔

۷:- میزان کے ہر دو خانے پُر کئے جائیں اور تسلی کر لیں - کہ آپ کی تفصیل کے مطابق درست ہیں -(امام و مشنری انچارج)
مغربی جرمنی ۔

۸:- وصول شدہ چندہ ہر ماہ کی دس تاریخ کو بھیج دیا کریں ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥

گوشوارہ آمد ماہ:..... سنہ 197ء جماعت احمدیہ:.....

نمبر شمار	نام	حصہ آمد	چندہ عام	تحریک جدید	جوبلی فنڈ	مسجد لوکل فنڈ	تعلیمی وظیفہ فنڈ	قرآن / لٹریچر	صدقہ	عید فنڈ / طعامہ	درویشان فنڈ	فضل عمر ہسپتال	انصار اللہ	خدام	لجنہ اماء اللہ			میزان
	میزان																	

دستخط صدر / سیکرٹری مال

نوٹ:۔ ہدایات اس کاغذ کی پشت پر دیکھیں۔

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:.....

1K

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



HISTORY OF AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:.....

ماہنامہ

اخبار احمدیہ ہمبرگ

نگران و مدیر حیدر علی ظفر
کتابت مظفر احمد خورشید

جلد 1 شمارہ 12 ماہ دسمبر / فتح 77

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ۔

۲۸ اکتوبر ۱۹۷۷ء کو مجلس انصار اللہ مرکزیہ کا سالانہ اجتماع شروع ہوا۔ حضور نے اجتماعی دعا اور بصیرت افروز خطاب سے اس کا افتتاح فرمایا۔ ۳۰ اکتوبر ۱۹۷۷ء کو حضور نے اختتامی خطاب فرمایا۔ جس کا خلاصہ منسلک ہے۔

۴ نومبر ۱۹۷۷ء کو مجلس خدام الاحمدیہ کا مرکزی سالانہ اجتماع شروع ہوا۔ اور ۶ نومبر ۱۹۷۷ء کو حضور کے بصیرت افروز اختتامی خطاب اور دعا کے بعد ختم ہوا۔ حضور کے خطاب کا خلاصہ منسلک ہے۔ اسی طرح ۴ نومبر ۱۹۷۷ء کو لجنہ اماء اللہ کا سالانہ مرکزی اجتماع شروع ہوا اور ۶ نومبر ۱۹۷۷ء کو کامیابی کے ساتھ ختم ہوا۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ

تحریک جدید کے سال نو کا اعلان

۲۸ اکتوبر کو حضور نے تحریک جدید کے چوالیسویں سال کا اعلان فرمایا۔ حضور نے تلقین فرمائی کہ زائد اموال پیش کرنے چاہئیں۔ تمام احباب جماعت کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ وہ اپنے سابقہ وعدے جلد پورے کریں۔ اور اپنے نئے وعدوں سے متعلقہ مشن کو جلد مطلع کریں۔ اس سلسلہ میں احباب خاص توجہ کریں۔

۲۲ نومبر کو ہمبرگ مسجد میں عید الضحیٰ